# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 14 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴/اپریل ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ بھارت رتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کی آج 134 ویں سالگرہ، صدر جمہوریہ کی جانب سے ملک کی عوام کو مبارکباد۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں ڈاکٹر امبیڈکر جینتی کے حوالے سے جلوس، استقبالیہ سیمینار اور عطیہ خون کیمپ کا انعقاد۔ اہم شاہراہیں آج دن بھر ٹریفک کے لئے بند۔

☆ دسمبر 2026 تک 80 فیصد کسانوں کو سال بھر 12 گھنٹے مفت بجلی دی جائیگی۔ وزیر اعلیٰ کا اعلان۔

☆ ریاست کا پہلے سبز توانائی پیدا کرنے والے پربھنی کے مہاوترن دفتر کا افتتاح۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں درجہ حرارت میں اضافہ' آئندہ تین دن چند مقامات پر بارش کا امکان۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

دستور ہند کے معمار، بھارت رتن ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کی 134 ویں سالگرہ آج منائی جارہی ہے۔ اس سلسلے میں مختلف پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے عوام کو امبیڈکر جینتی کی مبارکباد دی۔ انہوں نے عوام کو ترغیب دی کہ ڈاکٹر امبیڈکر کے اصولوں کو اپنی زندگیوں میں اپنائیں اور سماجی ہم آہنگی جذبات سے سرشار قوم کی تعمیر کیلئے کام کریں۔

وزیر اعظم نریندر مودی آج ڈاکٹر امبیڈکر جینتی کے سلسلے میں ہریانہ کے دورے پر ہیں۔ وزیر عظم کے ہاتھوں حسار تا ایودھیا نئی فضائی خدمات کا آغاز۔ حسار طیرانگاہ کے نئے ٹرمنل کی عمارت کا سنگ بنیاد، یمونا نگر میں دین بندھو چھوٹو رام تھرمل مرکز کے 800 میگاواٹ کے جدید تھرمل بجلی منصوبے کا سنگ بنیاد اور بھارت مالا پروجیکٹ کے تحت ساڑھے 14 کلومیٹر طویل ریواڑی بائی پاس کا افتتاح عمل میں آئیگا۔ اس کے علاوہ حسار میں ایک جلسہ عام سے بھی وزیر اعظم خطاب کریں گے۔

***** **** *****

ڈاکٹر امبیڈکر جینتی کے موقع پر آج چھترپتی سمبھاجی نگر شہر میں مختلف اداروں، تنظیموں اور سیاسی جماعتوں کی جانب سے ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسمے پر گلہائے عقیدت پیش کئے جائیں گے۔ مختلف علاقوں میں جلوس، عظیم رہنما کو خراج عقیدت، لیکچرز، عطیہ خون کیمپ اور بھیم گیتوں کے پروگرام منعقد ہونگے۔ اس سلسلے میں شہر میں سخت پولس بندوبست کیا گیا ہے۔ جلوس کے باعث آج صبح ۱۰/بجے سے رات ۱۰/بجے تک شہر کی اہم

سڑکیں ٹریفک کے لئے بند رہیں گی۔ انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس دوران متبادل راستوں کا استعمال کریں۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر مہاراشٹر کامگار کلیان منڈل للت کلا بھون عثمان پورہ کی جانب سے آج امبیڈکر جینتی کے سلسلے میں وجئے کمار پانچاڑ کا لیکچر رکھا گیا ہے۔ ناندیڑ ضلع پریشد کی جانب سے بھی خراج عقیدت کے پروگرام، پانی کی تقسیم، بھیم گیتوں کی تقاریب اور دیگر پروگرام منعقد کئے گئے ہیں۔

ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر جینتی کی مناسبت سے کل ملک بھر میں مختلف مقامات پر پدیاترائیں نکالی گئیں۔ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر من سکھ مانڈویہ نے بہار کے پٹنہ میں گاندھی میدان سے شروع ہونے والی پدیاترا کو ہری جھنڈی دکھائی۔ ریاستی وزیر رکشا کھڑسے نے ممبئی میں بھیم پدیاترا میں حصہ لیا۔ ہزاروں نوجوانوں نے بھی اس پدیاترا میں شرکت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ اس پدیاترا کا مقصد ملک کی ترقی میں نوجوانوں کی شمولیت کو یقینی بنانا ہے اور اس خصوص میں نوجوانوں کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔

***** **** *****

ریاست میں کل بھی مختلف اضلاع میں پدیاترائیں نکالی گئی۔ دھاراشیو میں پولس سپرنٹنڈنٹ سنجے جادھو کے ہاتھوں ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر ملازمین نے حصہ لیا۔

اسی دوران تلجاپور شہر میں ڈاکٹر امبیڈکر کے قدآدم مجسمے کی نقاب کشائی کل رکن اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ اس موقع پر ہیلی کاپٹر کے ذریعے مجسمے پر پھول پھینکے گئے۔

***** **** *****

پربھنی میں نکالی گئی پدیاترا میں ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڑے اور پربھنی میونسپل کارپوریشن کے کمشنر دھیہ سشیل جادھو بھی موجود تھے۔ مہاتما پھلے کے مجسمے سے ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر کے مجسمے تک نکالی گئی پدیاترا میں طلباء کھلاڑیوں اور عام شہریوں نے بڑے پیمانے پر شرکت کی۔ اس دوران پربھنی شہر میں ضلع کلکٹر دفتر کے سامنے ڈاکٹر امبیڈکر کے مجسمے پر خراج عقیدت کی غرض سے آنے والے عقیدتمندوں کیلئے ٹریفک کے راستے تبدیل کئے گئے ہیں۔ انتظامیہ نے عوام سے متبادل راستے استعمال کرنے کی اپیل کی ہے۔

جالنہ شہر میں نئی بستی سے مست گڑھ تک جئے بھیم یاترا نکالی گئی۔ ناندیڑ میں ضلع اسپورٹس کامپلیکس سے نکالی گئی پدیاترا کا افتتاح بین الاقوامی تیرانداز سرشٹی جوگدنڈ نے کیا۔

***** **** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں ڈاکٹر امبیڈکر جینتی کے سلسلے میں تقریباً ڈھائی سو طلباء نے مسلسل 18 گھنٹے مطالعہ کر کے ڈاکٹر امبیڈکر کو خراج عقیدت پیش کیا۔ گیت بھیم آئین کے 22 ویں گیت کا اجراء ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری کے ہاتھوں کیا گیا۔ پولس سپرنٹنڈنٹ ونئے کمار راٹھوڑ اور شاعر نندیش امپ اس موقع پر موجود تھے۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اعلان کیا ہے کہ دسمبر 2026 تک ریاست کے 80 فیصد کسانوں کو سال بھر دن کے 12 گھنٹے مفت بجلی دی جائیگی۔ وردھا ضلع کے آروی میں کل مختلف ترقیاتی کاموں کی افتتاحی تقریب سے وہ خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے کسانوں کے مفاد سے تعلق رکھنے والے متعدد فیصلے کرکے ان پر عمل درآمد کا آغاز بھی کردیا ہے۔کسانوں کو 16000 میگا واٹ بجلی درکار ہوتی ہے اوراس کے لئے کام کا آغاز کیا جاچکا ہے۔آئندہ 5 برسوں میں عام شہریوں کے بجلی کے بل مرحلہ وار کم کرنے کا بھی انہوں نے وعدہ کیا اور کہا کہ 300 یونٹ سے کم استعمال کرنے والے متوسط طبقے اورغریبوں کو شمسی توانائی پر منتقل کرکے مفت بجلی فراہم کی جائیگی۔

***** **** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** **** *****

پروفیسر رام شندے نے کہا ہے کہ قانون ساز کونسل کے چیئر مین کے طور پر عام اور محروم طبقات کے مسائل حل کرنے کے لئے وہ مسلسل کوشش کرتے رہیں گے۔گذشتہ روز ناندیڑ میں انہیں عام استقبالیہ دیا گیا۔اس موقع پر رکن پارلیمان اشوک چوہان بھی موجود تھے۔ناندیڑ دورے کے دوران رام شندے نے سچکھنڈ گردوارے کا بھی دورہ کیا۔

***** **** *****

پربھنی کے مہاوترن دفتر کو ریاست میں پہلا سبز توانائی پیدا کرنے والے دفتر ہونے کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔اس دفتر میں 35 کلوواٹ شمسی توانائی پیدا کی جائیگی۔گذشتہ روز توانائی کی وزیر مملکت میگھنا بورڈیکر کے ہاتھوں اس دفتر کا افتتاح عمل میں آیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وزیراعظم سوریہ گھریوجنا کے تحت شہریوں کو شمسی توانائی حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جائیگا۔اور کسانوں کو سولر زرعی پمپ اسکیم میں فائدہ اٹھانے کی اپیل بھی انہوں نے کی۔

***** **** *****

بیڑ ضلع کے پرلی ویجناتھ ریلوے اسٹیشن کی ازسرنو ترقی کیلئے 25 ہزار 7 لاکھ روپئے کے فنڈ کو منظوری دے دی گئی ہے۔ریاست کے مجموعی طور پر 132 ریلوے اسٹیشنوں کی تجدید و ترقی کا منصوبہ شروع کیا گیا ہے۔جس میں پرلی ریلوے اسٹیشن بھی شامل ہے۔اس حوالے سے رکن اسمبلی دھننجے منڈے نے ریلوے وزیر اشوینی ویشنو اور وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس کا شکریہ ادا کیا۔

***** **** *****

ریاستی حکومت کی مترنامی تنظیم کے ذریعے ریاست میں مختلف بڑے منصوبے شروع کئے جائیں گے۔یہ اطلاع تنظیم کے نائب صدر اور تلجاپور کے رکن اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے دی وہ کل دھاراشیو میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ اس تنظیم کے تحت دھاراشیو ضلع میں کسانوں کی آمدنی بڑھانے کے لئے نیوکلیر انرجی پر مبنی فوڈ پروسیسنگ پروجیکٹ شروع کرنے کی غرض سے پروجیکٹ رپورٹ تیار کی جارہی ہے۔

***** **** *****

لاتور شہر کے رنگ روڈ علاقے میں واقع '' آورا تھائی اسپا '' پر چھاپہ مار کر پولس نے ایک سیکس ریکٹ کا پردہ فاش کیا ہے۔ اس کاروائی کے دوران دہلی، ممبئی اور تلنگانہ سے تعلق رکھنے والی لاتور ایم آئی ڈی سی پولس اسٹیشن میں غیر اخلاقی کاروبار کی روک تھام کے قانون کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت 42.6 ڈگری سیلسیس چندر پور میں ریکارڈ کیا گیا۔ اس کے علاوہ مراٹھواڑہ میں چھتر پتی سمبھا جی نگر میں 41.4، پربھنی میں 39.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں آئندہ 3 دنوں میں چند ایک مقامات پر بارش کی پیش گوئی پونا کے دفتر موسمیات نے کی ہے۔

***** ***** *****

امریکہ میں جاری تیز اندازی کے عالمی کپ مقابلے کے پہلے مرحلے میں مردوں کی ری کرو ٹیم ایونٹ میں بھارت کی ٹیم نے نقرئی تمغہ حاصل کیا۔ کل آبرن ڈیل میں ہوئے فائنل میں بھارتی ٹیم کو چین کی ٹیم کے ہاتھوں شکست ہوئی۔ بھارت کے دھیرج بوماّ دیورآج مردوں کے ری کرو انفرادی مقابلے میں حصہ لیں گے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ بھارت رتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کی آج 134 ویں سالگرہ، صدر جمہوریہ کی جانب سے ملک کی عوام کو مبارکباد۔

☆ چھتر پتی سمبھا جی نگر شہر میں ڈاکٹر امبیڈکر جینتی کے حوالے سے جلوس، استقبالیہ سیمینار اور عطیہ خون کیمپ کا انعقاد۔ اہم شاہراہیں آج دن بھر ٹریفک کے لئے بند۔

☆ دسمبر 2026 تک 80 فیصد کسانوں کو سال بھر 12 گھنٹے مفت بجلی دی جائیگی۔ وزیر اعلیٰ کا اعلان۔

☆ ریاست کا پہلے سبز توانائی پیدا کرنے والے پربھنی کے مہاوترن دفتر کا افتتاح۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ میں دجہ حرارت میں اضافہ' آئندہ تین دن چند مقامات پر بارش کا امکان۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھتر پتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****